دفترِ خارجہ اور کامن ویلتھ آفس

کونسیولر سروسز

بیرونِ ملک میں زبردستی شادیاں

FORCED MARRIAGES ABROAD

urdu

کیا آپ پریشان ہیں کہ آپ کو بیرون ملک لے جاکر آپ کی زبردستی شادی کردی جائے گی؟

شادی فریقین کی مکمل اور آزادانہ اجازت سے طے ہونی چاہیئے۔

نوجوانوں کی معمولی تعداد کو اس بات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ انہیں بیرون ملک لے جاکر ان کی زبردستی شادی کردی جاتی ہے۔ قانون کا تحفظ آپ کا حق ہے۔اگر کوئی زبردستی آپ کی شادی کرانا چاہتا ہے تو وہ یوکے اور دوسرے ملکوں کے قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوسکتے ہیں۔

جانے سے قبل اپنی حفاظت کیلیئے خوب غور فکر کرلیں

اگر آپ جائیں تو درج ذیل پر عمل کریں:

- دفتر خارجہ میں کمیونٹی لیز آن یونٹ سے درج ذیل پر رابطہ کریں
  ٹیلیفون: 020 7008 0230
  یا ای میل clu@fco.gov.uk
- لیف لٹ کے آخر میں دئے گئے کارڈ کو مکمل کرکے اپنے پاس محفوظ رکھ لیں اور جب بیرون ملک جائیں تو اسے ساتھ لے جائیں۔

اگر آپ یونٹ کو درج ذیل معلومات فراہم کرجائیں تو بہت مدد مل سکتی ہے:

- آپ کا نام جیسا پاسپورٹ پر لکھا ہو؛
- پاسپورٹ کا نمبر، تاریخ اور مقام اجراء؛
- اپنی تاریخ پیدائش؛
- اپنی حالیہ تصویر؛
- والدین کے نام؛
- یوکے میں آپ کا پتہ اور ٹیلیفون نمبر؛
- جس ملک میں آپ جارہے ہیں وہاں کا پتہ اور ٹیلیفون نمبر؛
- وہاں پر دوسرے رشتہ داروں کے نام اور پتہ جنہیں آپ ملیں گے؛
- یوکے میں واپس آنے کی متوقع تاریخ؛
- یوکے میں قابل اعتماد دوست / سہیلی یا رشتہ دار کی تفصیل۔

ہم آپ کی مدد کیلیئے موجود ہیں۔

آپ ہمیں جو بھی معلومات فراہم کریں گے اسے مکمل رازداری میں رکھا جائے گا

درج ذیل ساتھ لے جانے کا خیال رکھیں

- جس ملک جارہے ہیں وہاں پر برٹش ہائی کمیشن / سفارت خانہ کا پتہ اور ٹیلیفون (یہ آپ کو دفتر خارجہ سے بذریعہ ٹیلیفون 0230 7008 020 اور ویبسائیٹ www.fco.gov.uk سے مل سکتے ہیں)
- ٹیلیفون کرنے یا ٹرانسپورٹ کیلیئے کچھ پیسے۔

جب بیرون ملک ہوں اور آپ کو خطرہ محسوس ہو کہ آپ کو زبردستی شادی کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے

مقامی برٹش ہائی کمیشن / سفارت خانہ سے رابطہ کریں تو ہم؛

- یو کے میں واپس آنے میں آپ کی مدد کریں گے؛
- ایمرجنسی پاسپورٹ جاری کرسکتے ہیں؛
- جس ملک میں آپ ہیں وہاں پر محفوظ رہائش اور ٹرانسپورٹ کا انتظام کرنے کی کوشش کریں گے؛

آپ کو کیا کرنا ہوگا

- آپ یا آپ کے کسی دوست / سہیلی کو آپ کیلیئے سفری خرچ اٹھانا ہوگا۔ بعض مجبوری حالات میں ہم آپ کو یو کے واپس آنے کیلیئے قرض دے سکتے ہیں۔ واپس آنے پر یہ قرض آپ کو واپس کرنا ہوگا۔
- آپ کو اپنے پاسپورٹ کی تفصیل کی ضرورت ہوگی؛
- ممکن ہے آپ کو مقامی برٹش ہائی کمیشن / سفارت خانہ جانے کی ضرورت ہو

اگر آپ ہائی کمیشن / سفارت خانہ میں نہ بھی جاسکیں تو بھی ہم مدد کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

دوہری شہریت

دوہری شہریت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آدمی ایک سے زائد ملک کا باشندہ ہے۔ اگر آپ کے والدین میں سے کسی کے پاس دوسرے ملک کی شہریت ہے تو ممکن ہے آپ بھی دوشہریت کے حامل ہوں۔ اس سے ہمارے اختیارات محدود ہوسکتے ہیں۔

اس سے قطع نظر کہ کسی کے پاس دوہری شہریت ہے ہم ان تمام افراد کو مدد فراہم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جن کے پاس برٹش پاسپورٹ ہے اور یو کے میں رہائش پذیر ہیں۔

مزید معلومات کیلیئے درج ذیل سے رابطہ کریں:

Community Liaison Unit, G55	کمیونٹی لیزآن یونٹ، جی55
Foreign & Commonwealth Office	دفتر خارجہ اور کامن ویلتھ آفس
Old Admiralty Building	اولڈ ایڈمیرالٹی بلڈنگ
London SW1A 2PA	لندن ایس ڈبلیو 1A 2 پی اے
Telephone:020 7008 0230/0109	ٹیلیفون: 020 7008 0230/0109

جانے سے قبل درج ذیل یاد رکھیں:

ذیل کی معلومات مکمل کر کے اسے اپنے ساتھ لے جائیں

ہائی کمیشن / سفارت خانہ کا پتہ اور ٹیلیفون نمبر:

اپنے پاسپورٹ کا نمبر:

تاریخ اجراء:

مقام اجراء:

جس ملک جا رہے ہیں وہاں کسی دوست یا رشتہ دار کا نام اور پتہ:

کمیونٹی لیز آن یونٹ ٹیلیفون: (020 7008 023 یا ای میل: clu@fco.gov.uk)

اگر آپ زبردستی کی شادی نہیں کرنا چاہتے تو ہم آپ کی ہر ممکنہ کوشش کریں گے۔